© rasailojaraid.com



## جمعیت علماء اسلام (ف) کے رہنماؤں کی دار العلوم آمد :

۷۔ مئی کو بروز جمعہ جمعیت علماء اسلام (ف) کے امیر مولانا فضل الرحمٰن صاحب اپنے رفقاء سمیت دار العلوم تشریف لائے اور انہوں نے حضرت مولانا مد ظلہ سے آپ کے چچا رحمہ اللہ کی وفات پر تعزیت کی۔ آپ کے ہمراہ جمعیت کے جنرل سیکرٹری مولانا عبدالغفور حیدری اور ڈاکٹر خالد سومرو بھی تھے۔ مولانا نے دار العلوم کے نو تعمیر ایوان شریعت آڈیٹوریم ہال کا بھی دورہ کیا۔ اسی دن ظہر کو جمعیت علماء اسلام کے نائب امیر مولانا محمد خان شیرانی ایم این اے بھی بلوچستان کے علماء کے ساتھ دار العلوم تشریف لائے اور دار العلوم میں چند گھنٹے قیام کیا۔

## دار العلوم کے سہ ماہی امتحانات کا انعقاد :

21 مئی بروز ہفتہ دار العلوم کے سہ ماہی امتحانات شروع ہوئے۔ امتحانات کا انعقاد دار العلوم کے وسیع و عریض ایوان شریعت ہال میں کیا گیا۔ امتحانات صبح اور ظہر دونوں اوقات میں لئے گئے۔ نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مد ظلہ نے خود تمام امتحانات کی نگرانی کی۔ دار العلوم کے تمام اساتذہ کرام کی موجودگی میں امتحانات کا انعقاد ہوا۔ طلباء نے بھی مثالی نظم وضبط کا مظاہرہ کیا۔ طلباء کرام کو صرف تین دن کی چھٹیاں دی گئیں۔ طلباء کے نتائج کا اعلان چند روز میں کیا جائیگا۔ اور ان کے سرپرستوں کو طالب علم کی تعلیمی کارکردگی سے بذریعہ ڈاک آگاہ کیا جائیگا۔

## فرانسیسی دانشور کی دار العلوم آمد :

23۔ مئی کو فرانس کے ایک دانشور Jerome Bellion Jourdan دار العلوم تشریف لائے۔ آپ سینٹر برائے بین الاقوامی تحقیق و مطالع (پیرس) کے فیلو ہیں۔ (-Centre for International Research and Studies) فرانسیسی دانشور علماء اور انکی مذہبی جماعتوں اور مدارس کے کردار پر پی ایچ ڈی کر رہے ہیں۔ دار العلوم اور حضرت مولانا کی شہرت کی پیش نظر آپ نے سب سے پہلے دار العلوم حقانیہ کا انتخاب کیا۔ آپ نے دار العلوم میں پورا دن گزارا اور مختلف شعبے دیکھے اور مولانا مد ظلہ سے اپنے مقالے کیلئے طویل انٹرویو کیا۔ مسٹر جارڈن کو عربی زبان پر عبور حاصل تھا۔ اس موقع پر راقم اور مدیر الحق مولانا راشد الحق صاحب نے آپ کی خصوصی معاونت کی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆



© rasailojaraid.com